فوری ریلیز کے لیے: 21/9/2023 **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے جیو تھرمل حرارتی اور کولنگ سسٹمز تک رسائی میں حائل رکاوٹوں کو کم کرنے کے لیے قانون سازی پر دستخط کر دیے

قانون سازی (S.6604/A.6949) ریاست کو جیوتھرمل کنوؤں کو بہتر طریقے سے ریگولیٹ کرنے اور عمارتوں کو کاربن سے پاک کرنے والے ریاست کے اہداف کو پورا کرنے کے لیے لاگتیں کم کرنے کی استعداد دیتا ہے

گورنر HOCHUL نے آج جیو تھرمل حرارتی اور کولنگ سسٹمز تک رسائی میں حائل رکاوٹوں کو کم کرنے کے لیے قانون سازی (S.6604/A.6949) پر دستخط کر دیے تاکہ موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے اہداف تک پہنچنے میں مدد ملے۔ اس قانون سازی کا مقصد جیوتھرمل کنوؤں کی تنصیب کے اخراجات کو کم کرنا ہے، جس سے نیویارک کو ریاست کے عمارتوں کو کاربن سے پاک کرنے والے اہداف حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔

"جب ہمارے سیارے کو بچانے کے لیے دیرپا تبدیلی کرنے کی بات آتی ہے تو ضائع کرنے کے لئے کوئی وقت باقی نہیں ہے اور اس کام کے لیے تمام دستیاب ٹیکنالوجیز کا استعمال کرتے ہوئے عمارتوں سے مضر اخراج کو نمایاں طور پر کم کرنے کی ضرورت ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ قانون سازی ہمیں ان طریقوں سے صاف توانائی کی جانب زیادہ سے زیادہ قدم اٹھانے میں مدد کرتی ہے جن کے ہمارے ماحول اور صحت عامہ پر دیرپا اثرات مرتب ہوں گے۔"

قانون سازی S.6604/A.6949 کا مقصد زمین کی سطح سے نیچے 500 فٹ سے زیادہ گہرائی میں کھودے جانے والے بعض کنوؤں کو ریگولیٹ کرنے کا طریقہ تبدیل کرکے جیوتھرمل ڈرلنگ اور کان کنی پر زیادہ موزوں اور ہوشیار نگرانی فراہم کرنا ہے۔ فی الحال، انہیں انہی دفعات کے تحت ریگولیٹ کیا جاتا ہے جو تیل اور گیس کی کانوں اور ڈرلنگ کا احاطہ کرتے ہیں۔ اس قانون سازی سے نئی دفعات تشکیل پائیں گی، جیوتھرمل بور ہولز کے ضوابط میں ہمواری لائے گی، اور اس بات کو یقینی بنائے گی کہ ریاست بھر میں تمام گہرے کنویں والے مقامات کا مناسب طور پر جائزہ لیا جائے اور ڈرلنگ کے عمل سے پڑنے والے ممکنہ اثرات کو کم کیا جائے۔ اس قانون سازی میں ڈرلنگ کے عمل کے دوران عوام کی حفاظت اور ماحولیات کے تحفظ کو یقینی بنانے والی دفعات بھی شامل ہیں۔

محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر Basil Seggos نے کہا، "جیوتھرمل توانائی والی صلاحیتوں کو بروئے کار لانا نیو یارک کی صاف توانائی کے ذرائع کی طرف منتقلی کو آگے بڑھانے کے لیے بہت اہم ہے، جو ہمارے گھروں اور کاروباروں کو گرم اور ٹھنڈا کرنے کے لیے فی الوقت استعمال ہونے والے فوسل فیول کے استعمال کو کم کرنے میں مدد کرتا ہے۔ میں اس قدم کے لیے گورنر Hochul اور قانون ساز رہنماؤں کا معترف ہوں جو ریاست کی جیوتھرمل ترقی کی ضروریات کو جدید بنا کر اور ہیٹ پمپس اور دیگر سبز ٹیکنالوجیز کی دستیابی کو بڑھانے میں مدد کرتے ہوئے نیویارک کی ڈیکاربنائزیشن کی کوششوں کو تقویت دے رہی ہیں۔"

NYSERDA کی صدر اور سی ای او Doreen M. Harris نے کہا، "نئی صاف توانائی کی ٹیکنالوجیز تک زیادہ موثر رسائی کی اجازت کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنا ہمارے مستقبل کے لیے راستہ فراہم کرے گا، ہمارے گھروں میں فاسل ایندھن پر انحصار کو کم یا ختم کرے گا، جو کہ نیو یارک ریاست کے لیے اپنے موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے اہداف حاصل کرنے کے لیے بنیادی حیثیت کے حامل ہیں۔ آج کے اعلان کے ساتھ،

نیویارک میں رہنے والے لوگ ایسے انتہائی موثر ہیٹ پمپس سے فائدہ اٹھا سکیں گے جو ہمارے بچوں کے لیے ایک زیادہ پائیدار مستقبل کی تعمیر کے ساتھ ساتھ اس وقت والی لاگت کے صرف ایک حصے سے گھروں کو ٹھنڈا اور گرم کر سکتے ہیں۔"

New York Power Authority کے صدر اور سی ای اوJustin E. Driscoll نے کہا، "نیو یارک کے جدت طراز آب و ہوا اور کاربن ختم کرنے والے اہداف حاصل کرنے کے لیے جدید الیکٹریفیکیشن والے حلوں اور ایک ہمہ جہت اپچ کی ضرورت ہوگی۔ گورنر کی جانب سے آج دستخط کی گئی اس قانون سازی میں کاربن کے اخراج کے ریاست کے سب سے بڑے ذرائع میں سے ایک، عمارتوں کو ڈیکاربونائز کرنے کے مقصد سے ایک صاف ستھرا، زیادہ پائیدار مستقبل بنانے والے ریاست نیو یارک کے عزم پر مزید زور دیا گیا ہے۔"

پبلک سروس کمیشن کے سربراہ Rory M. Christian نے کہا، "موسمیاتی تبدیلی کا وہ بحران جسکا سامنا ہم کر رہے ہیں، اس کا مقابلہ کرنے کے لیے 'سب کو مل کر کام کرنے' والی اپچ کی ضرورت ہے، اور گورنر Hochul اس طرح کے اختراعی اقدامات کے ساتھ اس تبدیلی کی قیادت کر رہی ہیں۔"

سینیٹ کمیٹی برائے ماحولیاتی تحفظ کے سربراہ ریاستی سینیٹر Peter Harckham نے کہا، "فوسل فیول کے استعمال کو کم کرنے اور کمیونٹی لیڈرشپ اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے اپنے جدت طراز اہداف کو پورا کرنے کے لیے جیوتھرمل نظام ایک صاف توانائی والی ایسی ٹیکنالوجی ہے جس کی حوصلہ افزائی کرنے کی بہت ضرورت ہے۔ گہرے بورہولز کی اجازت دینے والے اس نئے قانون کا مطلب ہے پروجیکٹس کی لاگت کم ہو جائے گی جس سے اس متبادل توانائی کی صنعت کو ریاست بھر میں نمایاں طور پر بڑھانے کا موقع ملے گا۔ میں اس بل پر دستخط کرنے کے لیے گورنر Hochul اور اسمبلی ممبر Glick کا شکر گزار ہوں جنہوں نے اس قانون سازی کی پیشرفت میں بہت ہاتھ بٹایا۔ یہ سبز توانائی کے ذرائع کی طرف منتقل ہونے کا ایک بڑا موقع ہے جو ہماری معیشت کو فروغ دیتے ہوئے گھروں کے مالکان کے لیے نئی ملازمتیں اور حقیقی بچتیں پیدا کرے گا۔"

اسمبلی ممبر Deborah Glick، جو اسمبلی کی ماحولیاتی تحفظ کمیٹی کی چیئر ہیں، انہوں نے کہا، "ماحول کی حفاظت اور ماحولیاتی قیادت اور کمیونٹی کے تحفظ والے ایکٹ میں بیان کردہ جدت طراز اہداف کو پورا کرنے کے لیے ہمیں موجودہ گرین ٹیکنالوجی مثلاً جیوتھرمل ہیٹنگ اور کولنگ کو مزید قابل رسائی بنانے کی ضرورت ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ گورنر Hochul اس اہم قانون سازی پر دستخط کر رہی ہیں جو جیوتھرمل بورہولز کے لیے ایک ایسا مزید ہموار طریق کار وضع کر رہا ہے جو اس ٹیکنالوجی کو پروجیکٹس کے لیے زیادہ آسانی سے دستیاب کر دے گا اور جس سے جیوتھرمل توانائی کو ریاست نیو یارک میں زیادہ وسیع پیمانے پر استعمال کرنے کے قابل بنایا جائے گا۔"

Sierra Club Atlantic Chapter کے کنزرویشن ڈائریکٹر Roger Downs نے کہا، "قابل تجدید توانائی سے چلنے والی ٹیکنالوجی بہت جلد نیویارک کے ہر گھر کو گرم اور ٹھنڈا کر دے گی اور انتہائی موثر سسٹمز جیوتھرمل توانائی کا استعمال کریں گے۔ موثر ہیٹ پمپس کے ذریعے زمین کے مستحکم درجہ حرارت کو استعمال کرتے ہوئے، کوئی بھی گھر یا کاروبار قدرتی گیس، گھر کو گرم کرنے والے تیل، یا زیادہ مقدار میں بجلی استعمال کیے بغیر گھروں کے اندر کا آرام دہ درجہ حرارت برقرار رکھ سکتا ہے۔ ہم گورنر Hochul اور قانون ساز رہنماؤں کے اس امر کو تسلیم کرنے کے لیے معترف کہ اگر اس اہم صنعت کو پھلنا پھولنا ہے تو تیل اور گیس کے کنوؤں کے لیے پرانے ضابطوں کا اطلاق اسی طرح جیوتھرمل سسٹمز پر نہیں کیا جانا چاہیے۔"

New York League of Conversation Voters کی صدر Julie Tighe نے کہا، "جیوتھرمل توانائی کی ترقی پر لگی ہوئی پابندیوں میں نرمی کرنا صاف توانائی کی معیشت میں ہماری منتقلی کی جانب ایک بڑا قدم ہے۔ گندے تیل اور گیس کے شعبوں کو کنٹرول کرنے والے قوائد و ضوابط سے صاف جیوتھرمل توانائی کو علحدہ کرنا سستی اور موثر حرارتی اور ٹھنڈک حل کی راہ ہموار کرنے میں مدد دے گا اور ریاست کے عمارتی شعبے سے مضر اخراج کو کم کرنے کی جانب ایک طویل سفر طے کرے گا۔ ہم اس NYLCV سکور کارڈ بل کو پاس کروانے اور قانون میں دستخط کروانے اور زیادہ پائیدار نیویارک کے لیے ان کی مسلسل وابستگی کے لیے سینیٹر Harckham اور اسمبلی ممبر Glick کے ساتھ گورنر Hochul کے بھی معترف ہیں۔"

NY-GEO کے صدر اور Buffalo Geothermal کے شریک مالک Jens Ponikau نے کہا، "بند لوپ والے جیوتھرمل بوروں کے سوراخوں کے لیے ڈرلنگ کی گہرائی کو بڑھانا جیوتھرمل سسٹم کو فعال کرنے کے لیے ایک اہم قدم ہے۔ ہم مقننہ، گورنر، اور خاص طور سے ماحولیاتی تحفظ کے محکمے کا شکریہ ادا کرنا چاہیں گے کہ ان کی کوششوں کے لیے نیو یارک ریاست میں جیوتھرمل ٹیکنالوجیز کو فروغ دینے کے لیے فوسل فیول کو حرارتی اور گرم پانی کی ضروریات کے لیے تبدیل کیا جائے۔ نیویارک نہ صرف مواقع والی ریاست بن گئی ہے، بلکہ یہ قابل تجدید توانائی کو لاگو کرنے میں بھی ایک رہنما بن چکی ہے۔"

یہ قانون سازی آب و ہوا کی تبدیلیوں سے نمٹنے اور عمارتوں سے مضر اخراج کو کم کرنے کے لئے ریاست کے کام کی حمایت کرنے والے متعدد اقدامات پر مبنی ہے۔ گورنر HOCHUL نے اعلان کیا کہ نیو یارک شہر کے پبلک ہاؤسنگ کے رہائشیوں کے لیے 30,000 ہیٹ پمپس نصب کیے جائیں گے اور US Climate Alliance میں شامل ہونے کا بھی اعلان کیا جس کے تحت سنہ 2030 تک ہیٹ پمپ کی تنصیبات کو چار گنا کرنے کے عزم کا اظہار کیا گیا ہے۔

جیوتھرمل ہیٹ پمپ سسٹم سب سے زیادہ مؤثر اور آرام دہ حرارتی اور کولنگ دستیاب ٹیکنالوجیز میں سے ایک ہیں، جو زمین کو خلائی حرارت اور ٹھنڈک دونوں اقسام کی صلاحیتیں فراہم کرنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں اور بعض صورتوں میں رہائشی اور تجارتی عمارتوں کے لیے گرم پانی کے ذریعے بھی حرارت پیدا کرتے ہیں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں